یہ گرہن جیٹھ پورنما کو طلوع چاند کے وقت ارن آنچل پردیش ناگالینڈ مشرقی اڑیسہ دکنی مدھیہ و پوربی بنگال میزورم منی پور، آسام، تری پورا اور میگھالیہ میں بہت تھوڑے وقت کے لئے نظر آئیگا۔ اوپر لکھے مقاموں پر چندر ماں گرہن لگی ہوئی حالت میں ہی طلوع ہوگا اور طلوع سے کچھ منٹوں کے بعد ہی گرہن ختم ہو جائیگا۔ ان شہروں پر اوپر لکھا چاند گرہن گرستوادے کے طور پر دکھائی دیگا۔ بھارت کے باقی علاقوں (اتری، اتر پچھم اور دکنی بھارت) میں یہ گرہن دکھائی نہیں دیگا۔ بھارت اتری۔ پوربی علاقوں میں یہ گرہن موکش یعنی ختم ہونے کے وقت دکھائی دیگا۔

یہ گرہن بھارت کے مشرقی علاقوں کے علاوہ مشرقی ایشیا کے اہم ممالک جیسے جاپان انڈونیشیا منگولیا بنگلہ دیش سنگاپور فلسطین وغیرہ آسٹریلیا اتر پوربی امریکہ۔ مدھیہ چین ہند مہاساگر اور پرشانت مہاساگر میں بھی نظر آئیگا۔

مختلف مقاموں پر کھنڈ گراس چندر گرہن کے اوقات بھارت اسٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق بیورہ اس طرح سے ہوگا۔

* گرہن شروع ۱۵۔۱۷ بجکر ۴۲ منٹ
* گرہن کا درمیان ۱۷۔۱۸ بجکر ۹ منٹ
* گرہن ختم ۱۸۔۱۸ بجکر ۳۰ منٹ

بھارتیہ اسٹینڈرڈ ٹائم

چونکہ یہ گرہن بھارت کے اتر پچھم اور دکنی حصوں جیسے مہاراشٹر گجرات راجستھان اترا کھنڈ اتر پردیش جموں کشمیر ہریانہ ہلی وغیرہ کے صوبوں میں دکھائی نہیں دیگا۔ اس لئے ان صوبوں میں گرہن کے وقت اشنان دان جپ تپ انوشٹھان وغیرہ باتوں کا خاص خیال رکھنا ضروری نہیں ہوگا۔

گرہن کا سوتک۔ بھارت کے پوربی علاقوں۔ آسام، ارن آنچل وغیرہ کے علاقوں پر جہاں جہاں پر نیچے لکھا چاند گرہن نظر آئیگا وہاں پر ہی گرہن کے سوتکک وغیرہ کا خیال ہوگا۔ وہاں پر گرہن کا سوتک ۲۶ جون کی صبح ۶ بجکر ۳۷ منٹ سے شروع ہو جائیگا۔ کولکتہ میں یہ گرہن صرف ۵ منٹ گوہاٹی میں ۱۰ منٹ شلانگ میں ۱۰ منٹ اور امپھال میں ۲۲ منٹ تک دکھائی دیگا۔ زیادہ تر شہروں میں ۱۲-۱۰ منٹ تک دکھائی دیگا۔

گرہن کا راشی پھل

کھنڈ گراس چندر گرہن مول نچھتر اور دھن راشی کے وقت نمایاں ہو رہا ہے۔ اس وعدہ دھن اشی والوں کو اس گرہن کا ثمرہ (پھل) تقریبا خراب رہیگا۔ سبھی بارہ راشیوں کیلئے اس گرہن کا پھل اس طرح سے رہیگا۔

گرہن کا خصوصی پھل۔ گرستوادے چاند گرہن کا خاص اتر بھارت کے مشرقی حصوں۔ آسام بنگال ناگالینڈ ارناچل پردیش بنگلہ دیش چین منگولیا وغیرہ پر خاص ناقص اثرات ہونگے۔ یہ گرہن جیٹھ ماہ کے سنیچروار کو ہونے سے سرکردہ لیڈروں سیاسی پارٹیوں کیلئے خاص کشمکش ہوگا۔ کئی خصوصی لیڈر کی اچانک موت ہونے کا ڈر ہوگا۔ راہ زنی اور لوٹ پٹ کی واردتیں زیادہ ہونے کا اندیشہ ہے۔

راشی	میکھ	برکھ	متھن	کرک	سنگھ	کنیا	تلا	برشچک	دھن	مکر	کنبھ	مین
ثمرہ	خفیہ فکرمندی	دھن لابھ سکھ کے ذریعہ بڑھیں	پارٹنر کو تکلیف	بیماری کا ڈر	دھن کا نقصان پریشانی	منصوبوں میں کامیابی	گذارے یوگ دھن لابھ	جسم کو تکلیف نقصان	نقصان پریشانی	دھن کا نقصان پریشانی	دھن لابھ	چوٹ کاڈر

گرہن کے سوتک کے اوقات میں بھگوان اور اپنے لشٹ دیو کا پوجن جپ پاٹھ ترپن ہون استوتر پاٹھ کرنا اور گرہن کے بعد اشنان ان وغیرہ کرنا شبھ اور مبارک ہوتا ہے۔

نام شہر	طلوع چاند گھنٹہ منٹ	نام شہر	طلوع چاند گھنٹہ منٹ	نام شہر	طلوع چاند گھنٹہ منٹ	نام شہر	طلوع چاند گھنٹہ منٹ
اگرتلا	۱۸ ۱۳	کھوردا	۱۸ ۲۷	دیوگڑھ	۱۸ ۳۷	مرشید آباد	۱۸ ۲۹
امباسا	۱۸ ۰۹	گنگا ساگر	۱۸ ۲۴	گورگا پور	۱۸ ۳۰	میدینی پور	۱۸ ۲۷
آسنسول	۱۸ ۲۹	گنگ ٹوک	۱۸ ۳۶	ڈوردوگڑھ	۱۸ ۱۰	ینا گڑی	۱۸ ۳۵
امپھال	۱۸ ۰۸	گوہاٹی	۱۸ ۲۱	نواپانڈہ	۱۸ ۲۶	راناگھاٹ	۱۸ ۲۵
ایٹانگر	۱۸ ۱۷	گولاگھاٹ	۱۸ ۱۳	نیاگڑھ	۱۸ ۲۹	رانی گنج	۱۸ ۳۲
اخرول	۱۸ ۰۷	چم پہائی	۱۸ ۲۲	پُریلیا	۱۸ ۳۳	رائے گڑھ	۱۸ ۴۲
ایوال	۱۸ ۱۱	چاندپاڑہ	۱۸ ۲۴	پورٹ بلیئر	۱۸ ۳۵	لال باغ	۱۸ ۲۸
لکھیم پور اتر	۱۸ ۱۵	چترنجن	۱۸ ۳۳	بانکپورہ	۱۸ ۳۰	لکھن پور	۱۸ ۱۴
کٹک	۱۸ ۲۶	چھترپور	۱۸ ۲۷	برہم پور	۱۸ ۲۸	شلی گڑی	۱۸ ۳۵
کوچ بہار	۱۸ ۲۹	جورہاٹ	۱۸ ۱۵	براک پور	۱۸ ۲۱	شیلانگ	۱۸ ۲۰
کوہیما	۱۸ ۰۶	ٹیٹاگڑھ	۱۸ ۲۶	بورن پور	۱۸ ۳۴	شری کاکولم	۱۸ ۲۸
کولکتہ	۱۸ ۲۵	تارکیشور	۱۸ ۲۷	بیلور	۱۸ ۲۶	سوناکھی	۱۸ ۲۹
کشن گنج	۱۸ ۳۵	طوفان گنج	۱۸ ۲۹	بالاسور	۱۸ ۲۷	سونارپور	۱۸ ۲۲
پتال پور	۱۸ ۲۸	تیج پور	۱۸ ۱۹	بات پانڈہ	۱۸ ۲۵	سدھ ساگر	۱۸ ۱۲
کھاترہ	۱۸ ۳۱	دارجلنگ	۱۸ ۳۷	بھونیشور	۱۸ ۲۷	ہاوڑہ	۱۸ ۲۳

بھارت میں دکھائی نہ دینے والے دو گرہنوں کی تفصیل

(۱) مکمل سورج گرہن ۱۲/۱۱ جولائی ۲۰۱۰ء اتوار

یہ گرہن ۱۱ جولائی ۲۰۱۰ء اتوار کو بھارتیہ اسٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق رات کے ۱۰ بجکر ۴۰ منٹ سے شروع ہو کر ۱۲ جولائی کی صبح ۳ بجکر ۲۷ منٹ تک زمین پر مختلف مقاموں پر دکھائی دے گا۔ یہ گرہن دکنی امریکہ کے چلی اور بولسیا صوبوں ارجنٹینا پرشانت (Pacific) میں مختلف جگہوں پر دکھائی دیگا۔ بھارت میں یہ گرہن دکھائی نہیں دیگا۔ اس وجہ سے اس کے اشنان دان سوتک وغیرہ کا خیال نہیں ہوگا۔

(۲) مکمل چاند گرہن (۲۱ دسمبر ۲۰۱۰ء منگلوار)

یہ کھگراس چاند گرہن ۲۱ دسمبر ۲۰۱۰ء منگلوار بھارتیہ اسٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق دوپہر ۱۲ بجکر ۲ منٹ پر شروع ہو کر دوپہر بعد ۱۵ بجکر ۳۲ منٹ پر ختم ہوگا۔ گرہن کا درمیان (پرم گراس) دوپہر ۱۳ بجکر ۴۷ منٹ پر ہوگا۔ گرہن انجام کے وت یا انجام سے پہلے بھارت میں طلوع چاند نہیں ہوگا۔ اس لئے یہ گرہن بھارت میں دکھائی نہیں دیگا۔

یہ گرہن یورپ، مغربی افریقہ، امریکہ، پرشانت مہاساگر، مشری آسٹریلیا، فلسطینز اتری اور پوربی ایشیا جیسے روس مدھیہ چین انڈونیشیا اور نیوزیلینڈ میں دکھائی دیگا۔

نوروز عالم افروز اُفق اہل یونان ۲۰ / مارچ ۲۰۱۰ء

کائنات کا آغاز ہونے کا وقت مختلف مذاہب کے رہنماؤں نے اپنے اپنے مذہبی آئین کے مطابق الگ الگ اوقات پر قائم کیا گیا ہے۔ اہل یونان کا نوروز یکم حمل سے شروع ہوتا ہے۔ یہ وہ مبارک وقت ہے جب آفتاب اپنے محور پر سیدھی رفتار سے بارہ راشیوں میں گردش کرتا ہوا ایک سال کے بعد پھر نکتہ اعتدال کے عین مشرق میں برج حمل میں داخل ہوتا ہے۔ اس مبارک وقت سے اہل یونان نوروز کا آغاز کرتے ہیں۔ اہل یونان اور علم جفر کے عالموں کے نزدیک یہ وقت بہت مبارک ہوتا ہے۔ اس وقت عملیات اور تعویزات کا تیار کرنا نہایت متبرک اور پر تاثیر مانا گیا ہے۔

بادشاہ سال سنیچر (زحل) اہل یونان زائچہ نوروز ۲۳/۲	بادشاہ سال منگل اہل ہند زائچہ برس





زائچہ نوروز میں بادشاہ سال زحل یعنی سنیچر سانپ کی سواری کئے ہوں گے۔ ہاتھ میں تیر کمان ہوگا۔ ان کی پوشاک رنگ کالا ہاتھ میں نیلم کی مالا اور نیلے پھولوں کا ہار ہوگا۔ ان کی خوراک میوہ تیل مرچ کالی مٹھائی بر رنگ سیاہ جامن کچوڑی خالصہ انگور گنا اور انجیر ہوگی۔

تحویل آفتاب عالمتاب بر نکتہ اعتدال

اہل یونان کے حساب سے تاثیرات کو ظہور کا داخلہ بُرج حمل یعنی میکھ راس پر ۲۰ مارچ ۲۰۱۰ء سنیچروار بوقت پچھی تھی، کرتکا نکشتر اور انڈین اسٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق رات کے ۱۱ بج کر ۲ منٹ پر برشچک (عقرب) لگن میں داخل ہوگا۔ بوقت تحویل آفتاب کے مطابق عقرب راشی پر نکتہ اعتدال واقع ہوگا۔ اہل یونان بادشاہ سال سنیچر زائچہ میں اُوچ راشی کا ہو کر بارہویں خانہ میں پڑا ہے۔ اس پر منگل کی تیسری نظر ہے۔ گرہوں کی موجودہ پوزیشن کے مطابق شاہی طاقتور میں رنجش اور شمالی و مغربی ملکوں میں خطرناک واقعات درپیش ہوں۔ پورب یعنی ایشیائی کچھ ملکوں میں کشمکش و بدامنی اور بے چینی رہے۔ بیوپاری اور تجارت پیشہ لوگوں کو اچھا منافع ہو۔ دھرم کرم کی جانب لوگ توجہ کم رکھیں۔ سنیچر، منگل میں کھٹاشٹک یوگ ہونے سے مسلم

ممالک خاص کر سعودی عربیہ، ایران، پاکستان، لبنان، عراق، ترکی، کوریا افغانستان سوڈان کویت، بنگلہ دیش، دبئی وغیرہ ممالک اندرونی و باہمی طور پر یورپی اور امریکی تاناشاہی رویہ کے خلاف ایک جٹ ہو کر نئی تنظیم وجود میں لائیں گے۔

عمل تحویل آفتاب۔ ۲۰۱۰ء رات کے ۱۱ بج کر ۲ منٹ پر تحویل آفتاب کا وقت ہوگا۔ اُس وقت میں عملیات اور تعویزات کا تیار کرنا متبرک اور پر تاثیر ہوتا ہے کامل کو چاہئے کہ بروقت تحویل نہادھو کر پاک و صاف ہوجائے اور علیحدہ کمرہ میں بیٹھ جائے دوسرا کوئی آدمی نہ ہو۔ کمرہ میں صندل سفید جلا کر منہ مشرق کی جانب کر کے بیٹھ جائے اور اپنے خدا (اشٹ دیو) کا دھیان کر کے بھوج پتر یا سفید کاغذ پر مور کی قلم سے لکھ کر اپنے پاس رکھیں اس کی تاثیر سے تمام مشکلات دنیاوی سے نجات پا کر کاروبار میں ترقی کامیابی اور اپنے دل کی ہر مُراد پوری ہوتی ہے۔ اشٹ گندھ میں یہ چیزیں پڑتی ہیں۔ سُرخ چندن، سفید چند، مشک کافور کیسر، کستوری۔ ان کو گنگا کے پانی میں حل کر کے استعمال میں لانا چاہئے۔

پتری پکھ میں شرادھ کی تاریخیں ۲۰۱۰ء

پرماتما پر یقین اور اپنے مرحوم والدین کے لئے عقیدت رکھنے والے نیک انسان کو اپنے مرحوم والدین کی وفات کے مطابق تتھی پر دلی خلوص کے ساتھ برہمنوں کو کھانا وغیرہ کھلا کر عقیدت کے ساتھ شرادھ کرم ضرور کرنا چاہئے۔ ۲۰۱۰ء کے دوران پتری پکھ میں شرادھ کی تاریخیں ذیل نظر ہے۔

پورنماں کا شرادھ	۲۳ ستمبر	ویروار
ایکم کا شرادھ	۲۴ ستمبر	شکروار
دوج کا شرادھ	۲۵ ستمبر	سنیچروار
تیج کا شرادھ	۲۶ ستمبر	اتوار
چوتھ کا شرادھ	۲۷ ستمبر	سوموار
پنچمی کا شرادھ	۲۸ ستمبر	منگلوار
چھشٹی کا شرادھ	۲۹ ستمبر	بدھوار
سپتمی کا شرادھ	۳۰ ستمبر	ویروار
اشٹمی کا شرادھ	یکم اکتوبر	شکروار
نومی کا شرادھ	۲ اکتوبر	سنیچروار
دشمی کا شرادھ	۳ اکتوبر	اتوار
ایکادشی کا شرادھ	۴ اکتوبر	سوموار
دوادشی کا شرادھ	۴ اکتوبر	سوموار
ترودشی کا شرادھ	۵ اکتوبر	منگلوار
چودشی کا شرادھ	۶ اکتوبر	بدھوار
اماوس سروپتری شرادھ	۷ اکتوبر	ویروار

گرہوں کا داخلہ راشی وکری مارگی طلوع ۔ غروب ۲۰۱۰ء

سورج (شمس) SUN

(سال کے شروع میں دھن راشی میں)

تاریخ	ماہ	راشی	گھنٹہ	منٹ
۱۴	جنوری	مکر	۱۲	۳۸
۱۲	فروری	کنبھ	۲۵	۳۸
۱۴	مارچ	مین	۲۲	۳۰
۱۴	اپریل	میکھ	۶	۵۷
۱۴	مئی	برکھ	۲۷	۴۷
۱۵	جون	متھن	۱۰	۲۱
۱۶	جولائی	کرک	۲۱	۱۱
۱۷	اگست	سنگھ	۵	۳۴
۱۷	ستمبر	کنیا	۵	۲۹
۱۷	اکتوبر	تلا	۱۷	۲۷
۱۶	نومبر	برشچک	۱۷	۱۸
۱۶	دسمبر	دھن	۷	۵۹

منگل (مریخ) Mars

(سال کے شروع میں کرک میں وکری)

۱۰ مارچ	سے مارگی	۲۲	۴۰
۲۶ مئی	سنگھ	۱۵	۵۳
۲۰ جولائی	کنیا	۶	۳۳
۶ ستمبر	تلا	۳	۳
۲۰ اکتوبر	برشچک	۲	۲۰
۳۰ نومبر	دھن	۶	۲۵

سال کے آخر تک دھن میں رہے گا۔

بدھ (عطارد) (Mercury)

(سال کے شروع وکری دھن میں)

۱۵ جنوری	سے مارگی	۲۲	۳۲
۶ فروری	کو مکر میں	۵	۱۵
۲۶ فروری	کنبھ	۵	۴۶
۱۴ مارچ	مین	۲۰	۳۹
۳۰ مارچ	میکھ	۴	۳۸
۱۸ اپریل	کو وکری	۹	۳۵
۱۱ مئی	سے مارگی	۲۷	۵۸
۶ جون	برکھ میں	۱۶	۵۸
۲۲ جون	متھن	۲۱	۲۹

تاریخ ماہ	بدھ راشی	گھنٹہ	منٹ
۶ جولائی	کرک	۲۱	۲۹
۲۳ جولائی	سنگھ	۲۲	۹
۲۰ اگست	سے وکری	۲۵	۲۸
۱۳ ستمبر	سے مارگی	۴	۳۵
۳۰ ستمبر	سے کنیا	۱۰	۵۲
۱۷ اکتوبر	تلا	۱۲	۵۸
۵ نومبر	برشچک	۶	۱۶
۱۰ دسمبر	سے وکری	۱۷	۳۳
۲۳ دسمبر	برشچک میں	۸	۱۰

برہسپت یعنی مُشتری (Jupiter)

(سال کے شروع سے کنبھ میں)

۲ مئی	سے مین	۸	۷
۲۳ جولائی	کو وکری	۱۷	۵۴
یکم نومبر	(کنبھ) وکری	۱۲	۵۴
۱۸ نومبر	سے مارگی	۲۲	۲۳
۶ دسمبر	سے مین میں	۹	۹

شکر یعنی زہرہ (Venus)

(سال کے شروع سے دھن میں)

۱۳ جنوری	مکر	۲۵	۳۷
۶ فروری	کنبھ	۲۲	۴۹
۲ مارچ	مین	۲۲	۳۰
۲۶ مارچ	میکھ	۲۶	۲۷
۲۰ اپریل	برکھ	۱۲	۳۴
۱۵ مئی	متھن	۱۶	۴۴
۹ جون	کرک	۱۱	۴۴
۵ جولائی	سنگھ	۹	۴۵
یکم اگست	کنیا	۱۵	۴۸
یکم ستمبر	تلا	۱۲	۲
۸ اکتوبر	سے وکری		
۱۸ نومبر	کو مارگی	۲۶	۴۸

سال کے آخر تک تلا میں ہی گردش کریگا

سنیچر یعنی زحل (Saturn)

سارا سال سنیچر کنیا راشی میں ہی گردش کریگا

راہو (راس) Rahu

راہو سارا سال دھن راشی میں اور کیتو متھن راشی میں گردش کریگا۔

گرہوں کا وکری ۔ مارگی ۲۰۱۰ء

منگل

سال کے شروع میں وکری (کرک)

۱۰ مارچ کو مارگی ۲۲ ۴۰

پھر سال کے آخر تک مارگی حالت میں ہی گردش کریگا۔

برہسپت

سال کے شروع میں کنبھ میں

۲۳ جولائی سے وکری	۱۷	۳۵
۱۸ نومبر کو مارگی	۲۲	۲۳

شکر

۸ اکتوبر سے وکری	۱۲	۳۵
۱۸ نومبر کو مارگی	۲۶	۴۸

سنیچر

۱۳ جنوری سے وکری	۲۱	۲۷
۳۰ مئی کو مارگی	۱۱	۴۰

راہو ۔ کیتو

راہو تمام برس دھن میں اور کیتو متھن میں وکری رہیں گے۔

گرہوں کا طلوع ۔ غروب ۲۰۱۰ء

منگل

منگل سال کے شروع میں غروب ہے۔

۷ فروری سے مشرق سے طلوع	۵۱/۲۱
۲۷ نومبر سے مغرب میں غروب	۲۷/۱۳

بدھ

۱۰ جنوری پورب سے طلوع	۲۵/۱۵
۲۶ جنوری پورب غروب	۵۵/۱۸
۲۷ مارچ پچھم سے طلوع	۱۷/۲۶
۲۰ اپریل پچھم میں غروب	۱۰/۲۱
۶ مئی پورب سے طلوع	۸/۱۶
۱۷ جون پورب میں غروب	۵۶/۱۴
۱۰ جولائی پچھم سے طلوع	۱۷/۸
۲۸ اگست پچھم سے غروب	۱۶/۵
۱۰ ستمبر پورب سے طلوع	۱۹/۲۷
۳۰ ستمبر پورب سے غروب	۴۷/۱۹
۷ نومبر پچھم سے طلوع	۳۱/۲۷
۱۴ دسمبر پچھم میں غروب	۵۲/۱۵
۲۵ دسمبر پورب سے طلوع	۴۷/۱۹

برہسپت

۱۶ فروری پچھم میں غروب	۴۸/۲۶
۲۰ مارچ پورب سے طلوع	۳۷/۱۹

شکر (غروب طلوع)

سال کے شروع میں غروب ہے۔

۹ فروری سے پچھم سے طلوع	۴۸/۶
۲۰ اکتوبر پچھم میں غروب	۵۰/۶
۲ نومبر پورب سے طلوع	۲۹/۱۴

سنیچر

۱۳ ستمبر پچھم میں غروب	۲۳/۱۷
۱۸ اکتوبر پورب سے طلوع	۲۳/۱۵

۲۰۱۰ء میں دو گرہوں کے اہم یوگ

سورج ۔ شکر ۱۴ جنوری سے ۶ فروری (مکر)

سورج، برہسپت ۱۲ فروری سے ۱۴ مارچ (کنبھ)

برہسپت ۔ شکر ۶ فروری سے یکم مارچ (کنبھ)

سورج ۔ شکر ۱۶ مارچ سے ۲۶ مارچ (مین)

بدھ ۔ شکر ۲۹ مارچ سے ۲۰ اپریل (میکھ)

شکر ۔ کیتو ۱۵ مئی سے ۸ جون (متھن)

سورج ۔ کیتو ۱۵ جون سے ۱۵ جولائی (متھن)

منگل ۔ شکر ۵ جولائی سے ۱۹ جولائی (سنگھ)

منگل ۔ سنیچر ۲۰ جولائی سے ۵ ستمبر (کنیا)

بدھ ۔ شکر ۲۳ جولائی سے ۳۱ جولائی (سنگھ)

شکر ۔ سنیچر یکم اگست سے ۳۱ اگست (کنیا)

سورج ۔ سنیچر ۱۶ ستمبر سے ۱۶ اکتوبر (کنیا)

منگل ۔ بدھ ۱۰ نومبر سے ۲۵ نومبر (برشچک)

منگل ۔ راہو ۲۹ نومبر سے جنوری (دھن)

سنیچر کی ساڑھ ستی، ڈھیہ اور پایا کا بیان بابت ۲۰۱۰ء

گذشتہ سال سنیچر دیو ۹ ستمبر ۲۰۰۹ء سے کنیا راشی میں داخل ہو چے ہیں۔
آئندہ سال ۲۰۱۰ء کے دوران سنیچر کنیا راشی میں ہی گردش کریگا۔
اگرچہ ۱۳ جنوری ۲۰۱۰ء سے ۲۹ مئی ۲۰۱۰ء تک سے عرصہ میں سنیچر دیو وکری حالت میں کنیا راشی میں ہی گردش کرینگے۔اسکے بعد ۳۰ مئی سے سال کے آخر تک مارگی ہی گردش کریگا۔
خیال رہے سنیچر منگل وغیرہ ناقص گرہ جب وکری ہو کر گردش کرتے ہیں تو عوام میں بدامنی دنگے فساد مہنگائی لیڈروں میں آپسی ٹکراؤ لوگوں میں داماغی تناؤ اور اخراجات میں اضافہ ہوگا، کہیں چھتر بھنگ (سیاسی تبدیلیاں) سوکھا دربھیکھ وغیرہ قدرتی آفتیں اور دہشت گردی کی وارداتیں زیادہ برپا ہوتی ہے۔لوگوں میں بدامنی کے حالات پیدا ہوتے ہیں۔
شنی ساڑھ ستی۔ گوچر گرہ چال کے مطابق سنیچر جب کسی شخص نام راس یا پیدائش راشی سے پہلے دوئم یا بارھویں خانہ میں گردش کرتا ہے اس وقت متعلقہ تینوں راشیوں پر شنی ساڑھ ستی کہلاتی ہے۔اس کے زیر اثر انسان کی جسمانی تکلیفات گھریلو اور باہری کلیش مالی پریشانیاں آمدن کم اور اخراجات زیادہ ہوتے ہیں۔
شنی کی ڈھیا۔ جب سنیچر گوچر میں جنم راس یا نام راشی سے اس کے زیر اثر انساں کو پیچیدہ بیماریاں خفیہ فکرمندی کلع کلیش دھن ولت کا نقصان اپنے نزدیکی لوگوں سے مخالفت دیگر کاموں میں رکاوٹیں اور مالی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

۲۰۱۰ء میں کنیا راشی میں گردش کے دوران سنیچر کی ساڑھ ستی اور ڈھیہ

* سنگھ، کنیا اور تلا راشی والے اشخاص شنی ساڑھ ستی کے زیر اثرات میں رہیں گے۔
متھن اور کنبھ راشی والے لوگوں کو سنیچر کی ڈھیہ کے اثرات میں سے گزرنا پڑیگا۔
نوٹ۔ سنیچر کی ساڑھ ستی یا ڈھیہ ہمیشہ ناقص اثرات ہی نہیں دیتی۔ کچھ حالات میں ساڑھ ستی یا ڈھیہ فائدہ مند بھی ہوتا ہے، پیدائش کنڈلی میں سنیچر اگر اچھی حالت میں ہو جیسے اوچ یا برہسپت شکر وغیرہ نیک گرہوں کے زیر اثر ہو تو سنیچر اچھا اثر بھی دیتا ہے۔ جیسے برکھ متھن کنیا تلا مکر یا کنبھ لگن والے اشخاص کو سنیچر اکثر اچھا اثر کرتا ہے۔ کنڈلی میں اگر یوگ کارک یعنی بہتر پوزیشن میں ہے تو متعلقہ شخص کو سنیچر بہت زیادہ فائدہ اور ترقی دینے والا ہوگا،

اگر خراب ان کنڈلیوں میں میں سنیچر خراب پوزیشن میں ہو تو بھی ملا جلا یعنی اچھا اور برا دونوں طرح کا اثر کریگا۔
سال ۲۰۱۰ء کے دوران برہسپت کنبھ و مین دونوں راشیوں میں گردش کریں گے۔ یکم نومبر سے ۵ دسمبر کے دوران وکری حالت میں پھر کنبھ راشی میں گردش کریگا۔
کنبھ راشی میں گردش کے دوران برہسپت متھن سنگھ تلا و کنبھ راشیوں سنیچر کے علاوہ اپنے اثرات بھی کریگا جبکہ مین راشی میں گردش کے دوران مین کے علاوہ کرک کنیا و برشچک راشیوں پر بھی نیک اثرات کریگا۔

سنیچر کا کنیا راشی میں گردش کے دوران بارہ راشیوں پر اثر

میکھ راشی۔ سنیچر چھٹے خانہ میں گردش کرنے اور پایا سونا سونے سے بہت مشکل اور مخالف حالات کا سامنا رہے گا۔لیکن ۲۰ جولائی سے ۱۱۹ کتوبر کے درمیان منگل کی اپنی نظر ہونے سے بگڑے کاموں میں کچھ بہتری ہوگی اور گذارے مطابق آمدن کے ذریعات بنیں گے۔
برکھ۔ سنیچر پانچویں خانہ پر راشی تبدیلی کرنے سے اونچی تعلقم کے راستہ میں رکاوٹیں پیدا ہونگی۔ عورت کو تکلیف۔اور گھر کے متعلق خفیہ فکرمندی ہو۔اپنے مقصد بڑی مشکل کے بعد کامیابی حاصل ہو، اس راشی پر شنی کا پایا لوہا ہونے سے نزدیکی تعلق والوں سے تکرار و من مٹاؤ۔ دشمن اور بیماری خوف مالی مشکلات کا سامنا ہو۔
متھن۔ سنیچر چوتھے ہونے شنی کی ڈھیہ ہوگی۔ جس کے زیر اثر جدوجہد دھن دولت کا نقصان تناؤ وغیرہ ناقص اثرات پیدا ہونگے۔ پایا سونا ہونے سے بیماری اور دشمنوں کا ڈر گھریلو جھگڑے فساد تناؤ اور فضول خرچ بھی بڑھیں گے۔صحت کے متعلق کچھ پریشانی کا سامنا رہے گا۔
کرک۔ راشی پر سنیچر تیسرے خانہ پر راشی بدلنے سے دھن کا فائدہ مکان سواری وغیرہ سہولتوں میں اضافہ ہوگا۔ پای تانبہ ہونے لابھ اور ترقی کے موقعہ حاصل ہونگے۔ سال کے شروع سے ۲۶ مئی تک اس راشی پر منگل کی گردش ہونے سے خرچ زیادہ ہونگے۔
سنگھ۔ اس راشی پر سنیچر کی ساڑھ ستی کا اثر ابھی رہیگا۔ گھریلو اور مالی الجھنیں ہوں۔ آمدن کم اور اخراجات زیادہ ہونگے۔ لیکن اس راشی پر شنی کا پایا چاندی ہونے سے بیچ بیچ میں دھن لابھ (فائدہ) کے موقعہ حاصل ہوتے رہیں گے۔
کنیا راشی۔ پر سنیچر کی گردش ہونے شنی کی ساڑھ ستی چڑتی ہوتی حالت میں ہوگی۔

گھریلو اور کاروباری پریشانیاں بڑھیں گی۔ دھن دولت (مالی) کے متعلق الجھنیں بھی بڑھیں گی۔ پایا لوہا ہونے سے جدوجہد اور تناؤ بڑھیں گے۔ صحت کے متعلق پریشانیاں بڑھیں گی۔

تلا راشی۔ سنیچر کی ساڑھ ستی کا اثر ہوگا۔ شنی بارھویں خانہ ہونے سے بنتے کاموں میں اڑچنیں پیدا ہونگی۔ دھن کو شنی کا پایا تانبہ ہونے سے محنت کرنے پر گذارے لائق آمدن کے ذریعات بنتے رہیں گے۔

برشچک راشی۔ شنی گیارھویں خانہ پر راشی تدیل کرنے سے اچانک دھن کا اچھا ترقی اور سکھ کے ذریعات حصولی کے موقع حاصل ہونگے۔ لیکن شنی کا پایا سونا ہونے سے سال کے دوئم حصہ میں گذارے لائق دھن کے موقعہ اور ترقی کے چانس ملتے رہیں گے۔

دھن راشی۔ شنی دسویں خانہ پر راس تبدیل کرنے سے کاروبار کے متعلق جدوجہد زیادہ رہیگی۔ شروع میں گھریلو الجھنیڈ کسی وجہ سے دھن کے متعلق پریشانیاں پیدا ہونگی۔ دوئم حصہ حہ میں گذارے لائق فاۂ اور ترقی کے موقعہ حاصل ہونگے۔ اس راشی چاندی پایا اچانک لابھ دیگا۔

کنبھ راشی۔ شنی آٹھویں خانہ پر راس تبدیل کرنے سے شنی ڈھیہ کا ناقص اثر ہوگا، پایا بھی سونا ہونے کی وجہ سے کاروبار میں جدوجہد کن حالات کا سامنا رہیگا، فضول خرچی اور گھریلو تناؤ میں اضافہ ہوگا مگر پایا تانبہ ہونے سے اخراجات میں بڑھوتری کے باوجود کچھ بگڑے کام انجام میں آئیں گے۔

مین راشی۔ اس راشی کو سنیچر ساتویں ہونے سے گھریلو اور کاروباری پریشانیاں بڑھیں گی۔ اخراجات میں بھی اضافہ ہوگا۔ پایا چاندی ہونے سے بیچ بیچ میں گزارے لائق دھن لابھ کے موقعہ حاصل ہوتے رہیں گے۔

شنی ساڑھ ستی۔ ڈھیہ و پایہ کے ناقص اثر کے شانتی کیلئے ۲۳ ہزار کی تعداد میں جپ کرنا اس کے بعد ۱۰ افیصد اعداد میں کسی پنڈت جی سے ہون کروانا مبارک ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ سنیچر کا برت رکھنا۔ اڑد (ماش) ساپت دھان کالے کپڑے لوہے اور تیل کے متعلق اشیا کا دان کرنا شری شوشنکر و ہنومان چالیسہ کا پاٹھ کرنا نیلم کانگ دھارن کرنا اور شنی استوتر کا پاٹھ کرنا فائدہ مند ہوتا ہے۔

شنی کا بیج منتر۔ اوم پرانگ پرینگ پرونگ سیہ شنیہ نمہ۔ تعداد ۲۳ ہزار۔
شنی کا ویدمنتر۔ اوم شنو دیوی رھشینائے آپو بھونتا پیتائائے شیور بھیر دنتو مہ۔ اوم سنیچرائے نمہ۔

برہسپت کا نیک و بد گوچر پھل ۲۰۱۰ء

سال کے شروع سے یکم مئی ۲۰۱۰ء تک برہسپت کنبھ راشی میں گردش کریگا۔ ۲ مئی کو تیز چال سے مین راشی میں داخل ہو کر ۱۳۱ کتوبر ۲۰۱۰ء تک مین راشی میں گردش کریگا۔ پھر وکری حالت میں برہسپت یکم نومبر سے ۵ دسمبر تک دوبارہ کنبھ راشی میں گردش کریگا، ۶ نومبر سے سال کے آخر تک پھر مین راشی میں گردش کریگا۔ دونوں راشیوں میں ردش کرے دوران اس کا ثمرہ اس طرح سے ہوگا۔

برہسپت کا کنبھ راشی میں گوچر کا پھل ۲۰۱۰ء

(سال کے شروع سے یکم مئی تک اور یکم نومبر سے ۵ دسمبر تک)

میکھ	برکھ	متھن	کرک	سنگھ	کنیا	تلا	برشچک	دھن	مکر	کنبھ	مین
دھن لابھو ترقی کے موقع سواری وغیرہ کے سکھ	جدوجہد زیادہ فضول خرچی بڑھے گی گھریلو الجھنیں بڑھیں	بگڑے کاموں میں کچھ سدھار زمین سواری وغیرہ سکھ حاصل ہو	آمدن کم خرچ زیادہ ہونگیں گھریلو الجھنیں بڑھیں گی	دھن لابھد بھاگیہ میں اڑچنوں کے کامیابی خرچ زیادہ	بلاوجہ دوڑ دھوپ بڑھے کسی نزدیکی رشتہ دار سے بگاڑ	بھائی بندھو میل جول ہودھن کا فائدہ کے موقع حاصل	بنتے کام میں اڑچنیڈ جسم کو تکلیف بیماری خرچ زیادہ	کسی عزیز مخص سے ملاقات اچانک دھن کا لابھ	اچانک دھن لابھ تری کے موقع دھارمک کاموں میں دلچپی	بہت محنت کے بعد قسمت میں ترقی کے چانس اور کامیابی	دھن لابھ کم ترقی کے موقع ملیں مگر دھرم کرم خرچ ہو

برہسپت کا مین راشی میں گردش کا گوچر پھل

(۲ مئی سے ۱۳۱ کتوبر تک اور ۶ دسمبر سے سال کے آخر تک)

میکھ	برکھ	متھن	کرک	سنگھ	کنیا	تلا	برشچک	دھن	مکر	کنبھ	مین
آمدن کم اور خرچ زیادہ کسی سے دھوکہ ملنے کے امکان	کنبہ میں کوئی مبارک کام متعلقہ دھن پراپتی اور ترقی موقعہ	بہت سے دھن کا فائدہ ترقی کے موقع حاصل کشمکش ہو	بنتے کاموں میں اڑچنیں جسم کو تکلیف بیماری خرچ زیادہ	آمدن کم اور خرچ زیادہ ہونگے گھریلو اور کاروبار الجھنیں بڑھیں	عورت یا اولاد کی جانب سے خوشی امتحان میں کامیابی گھریلو سکھ	جسم کو تکلیف دھن کے متعلق جدوجہد پریشانی گھریلو الجھنیں ہو	تناؤ کے باوجود دوڑ دھوپ بڑھیگی گذارے لائق آمدن ہو	دھن لابھد ترقی کے موقع ملیں گے سواری وغیرہ کے سکھ ملینگے	کسی عزیز سے تکرار گھریلو الجھنیں اور خرچ زیادہ ہونگے	فضول دوڑ دھوپ بڑھیں کسی عزی سے امن متاؤ ہو	اچانک دھن لابھ ترقی کے موقعہ دھارمک کاموں میں دلچپی

...رہسپت کے ناقص ۔ (خراب) اثرات کی شانتی (اپائے) کے لئے ...یروار کا برت رکھنا پکھراج دھارن کرنا۔ چنے کی دال پیلے کپڑے کانسہ کا ...رتن کیلئے لڈو اور دھارمک گرنتھ اور برہسپت کے نیچے منتر ۔اوم گرام گریم ...گروم گوروے نمہ کا پاٹھ ۱۹ ہزار کی تعداد میں ودھی مطاق کرنا مبارک ہوتا ...ہے ۔اگر کسی لڑکی کی کنڈلی میں برہسپتی ناقص اثر کر رہا ہو تو اس کو بھی ...پکھراج دھارن کروایا جاتا ہے۔

راہو۔کیتو گرہوں کا گوچر پھل ۲۰۱۰ء

...گذشتہ سال ۱۶ نومبر ۲۰۰۹ء کو راہو دھن راشی میں اور کیتو متھن راشی میں ...اخل ہو چکا ہے۔ آئندہ سال کے دوران راہو دھن راشی میں اور کیتو متھن ...اشی میں ہی گردش کریگا۔ راہو اور کیتو گرہوں کے گوچر کے اثرات اس طرح ...سے ہونگے۔

راہو کا دھن راشی میں گوچر پھل ۲۰۱۰ء

میکھ	برکھ	متھن	کرک	سنگھ	کنیا	تلا	برشچک	دھن	مکر	کنبھ	مین
...ت ...بعد ...ے ...کام ...یں ...اری ...کھ ...ل ...ہو	جدوجہد کے بعد دھن لابھ گھر میں کوئی مبارک کام	سخت محنت سے دھن کا فائدہ ترقی کے موقع حاصل کشمکش ہو	آمدن کم جدوجہد زیادہ ہو جسم کو تکلیف دشمنوں کا خوف ہو	کاروبار میں دھن کا نقصان نزدیکی لوگوں سے تکرار	بہت محنت سے بھی آمدنی میں اضافہ نہیں ہو	خاص کوشش سے سوچی اسکیموں میں کامیابی حاصل ہو	کسی عزیز کی مدد سے بگڑا کام بنے سواری سکھ حاصل ہو	کوشش کرنے پر گذارے لائق روزی روٹی حاصل ہو	گھریلو کاروباری الجھنوں میں اضافہ بنے کام بگڑیں گے	کسی نزدیکی دوست کیساتھ تکرار آمدن کم خرچ زیادہ	فضول خرچی بڑھے بنے کام میں اڑچنیں دماغی تناؤ

کیتو گرہ کا متھن راشی میں گوچر پھل ۲۰۱۰ء

(سال کے شروع سے آس کے آخر تک)

میکھ	برکھ	متھن	کرک	سنگھ	کنیا	تلا	برشچک	دھن	مکر	کنبھ	مین
...یلو ...ں ...جہ ... ...نی	دھن لابھ مدھم عزی سے تکرار خرچ زیادہ ہو	بگڑے کاموں میں سدھار اچانک دھن لابھ سواری سکھ	آمدن کم جدوجہد زیادہ ہو جسم کو تکلیف دشمنوں سے خوف	جسم کو تکلیف عزیز کی طرف سے دھوکہ پریشانی ہو	فضول خرچی بڑھے بنے کام میں اڑچنیں پریشانی ہو	محنت کے بعد بگڑے کام بنیں سواری کا سکھ حاصل ہو	جدوجہد کے بعد زمین لابھ گھر میں مبارک کام انجام	آمدنی کم اور فضول خرچی میں اضافہ پریشانی بڑھے گی	بہت کشمکش کے بعد سکھ کے ذرائع میں اضافہ	سواری سکھ دوست سے ملاقات بدلیش جانے کا پروگرام	آمدنی کے ذرائع میں اضافہ کوئی بگڑا کام بنے

راہو۔کیتو کی شانتی

راہو کے ناقص اثر دور کرنے کیلئے تل تیل بھورے رنگ کا کپڑا کمبل ناریل سنت ناجا اسپت دھانیہ کالے پھول لوہے کا برتن دان اور پنڈتوں کو باجرہ وغیرہ ڈالنا مبارک اپائے کرنے سے پہلے اپنی جنم پتری کسی یوگ جیوتشی کو دکھا لینی اہیۓ۔راہو کے بیج منتر۔ اوم بھرام بھریم بھروم سیہ راہوے نمہ۔ منتر کا ۷ ہزار کی تعداد میں جاپ کرنا چاہیۓ۔

کیتو شانتی کیلئے ۔اوم سرام سریم سروم سیہ کیتو شانتی کیلئے ۔جنتر کا ۷ ہزار کی تعداد میں جپ شری گنیشا شوکر کا پاٹھ سپت ڈھانیہ لوہے کا چاکو رنگدار تیل تانبہ کا برتن وغیرہ دان کریں۔دیگر شانتی کیلئے جیوتشی جی سے مشورہ کریں۔پنڈت پنالال جیوتشی

بقیہ کنبھ مہاپرب (شری ہردوار) باقی فص 7

کرنا چاہیۓ۔پھر شوچ وغیرہ کے کاموں سے فارغ ہو کر اشنان کے لئے گنگا جی کے سامنے کھڑے ہو کر پہلے ان کو نمسکار کرتے ہوئے منتر بولیں اوم گنگا سیی نمواستوتے۔پھر جل (پانی) میں داخل ہو کر نیچے لکھا منتر پڑھیں۔

ॐ नम: शिवायै गडङ्गायै शिवदायै नमो नम:

नमस्ते विष्णुरुपिण्यै ब्रह्ममूर्त्यै नमोस्तुते।

پھر دونوں ہاتھوں سے کنبھ مدرا بناتے ہیں۔مشرق کی جانب منہ کر کے گنگا جل سے سورج دیو کو ارگھ (تین بار) دیں۔

اشنان کے بعد گھی سے بھرے کنبھ کا پوجن کر اس پر ریشمی کپڑے کو لپیٹ کر سونے یا چاندی کے سکوں اور دھن کی دھنا سمیت کسی یوگیہ براہمن کو سنکلپ کر کے دان دیں اس روز شری گنگا استوتر۔گیتا وغیرہ کا پاٹھ کرنا مبارک ہوگا۔

اس مہاپرب کے اشنان دان کا خاص پرب اگرچہ ۱۴،اپریل بدھوار ۲۰۱۰ء کو ہوگا۔مگر کچھ شردھالو لوگ اور مہاپرکھ کئی روز پہلے ہی شری گنگا تیرتھ مقام پر آ کر اپنا ڈیرا لگا دیتے ہیں اور وہاں پر اشنان جپ تپ دان وغیرہ کرتے ہیں۔شاستروں کے مطابق کچھ ماہ پہلے سے ہی کنبھ کے اشنان جپ وغیرہ کی مقدس تاریخیں شروع ہو جاتی ہیں جو کہ اصل کنبھ اشنان دان جیسی ہی مبارک کہی جاتی ہی۔ان تاریخوں کی تفصیل اس طرح ہوگی۔

۱۴،اپریل ۲۰۱۰ء کے کنبھ اشنان کی مبارک تتھیاں

(۱) مکر سنکرانتی ۱۴ جنوری ویروار (۲) مونی اماوس اشنان، ۱۵ جنوری شکروار (۳) بسنت پنچمی ۲۰ جنوری بدھوار (۴) ماگھ پورنماں ۳۰ جنوری سنیچروار (۵) مہاشوراتری اشنان ۱۲ فروری شکروار (۶) دارنی پرب اشنان ۱۳ مارچ سنیچروار (۷) سوموتی اماوس ۱۵ مارچ سوموار (۸) نوراتر اشنان ۱۶ مارچ سنیچروار (۹) مہاوشوا اشنان ۲۰ مارچ سنیچروار (۱۰) شری رام نومی اشنان ۲۴ مارچ بدھ (۱۱) چیت پورنماں ۳۰ مارچ منگلوار (۱۲) بیساسنکرانتی (اہم اشنان) ۱۴،اپریل بدھوار بیساکھ ادھی ماس بھی اسی روز شام سے شروع ہوگا (۱۳) بیساکھ ادھی پورنما اشنان ۲۸ اپریل (۱۴) بیساکھ ادھی ماہ ختم ۱۴ مئی (۱۵) اکھشہ تیج اشنان ۱۶ مئی اتوار (۶۱) دی گورو شنکر اچاریہ جینتی ۱۸ مئی (۱۷) شری گنگا جینتی ۲۰ مئی (۱۸) بیساکھ پورماں اشنان ۲۷ مئی ویروار۔

نوٹ ۔کنبھ مہاپرب (ہردوار) کے متعلق اور زیادہ کی مفید عالم جنتری ۲۰۱۰ء کا شائع ہونے کا انتظار کریں۔ ۔پنڈت پنالال جیوتشی جالندھر

بکرمی سمت ۲۰۶۷ (۲۰۱۰ء) اور سال کے بادشاہ وزیر وغیرہ کا بیورہ

شوبھن نام کا ۳۷واں نیا بکرمی سمت ۲۰۶۷ کا چیت شدی یکم تتھی مطابق ۱۶ مارچ (پروشیٹھ ۳ چیت) منگلوار ۲۰۱۰ء سے آغاز ہوگا۔ شبھ سنکلپ اور دھارمک انوشٹھان وغیرہ کے شروع میں شوبھن نام کے سمت سر کا ہی استعمال ہوگا شاستر میں شوبھن نام کے سمت سر کا ثمر اس طرح سے بیان کیا گیا ہے۔

शोभनेवत्सरे धात्री प्रजानां रोगशोकदा।
तथापि सुखिनो लोकाबहुसस्यार्घवृष्टय:॥

یعنی شوبھن نام کا سمت سر آنے پر لوگوں میں پیچیدہ قسم کی بیماریاں، شدت کی مہنگائی اور لوگوں میں دکھ تکلیفوں میں اضافہ ہو۔ ملک کے سیاسی لیڈران میں آپسی بیر وردھ تکرار اور آپسی تال میل کی کمی رہیگی۔ زیادہ تر لیڈر لوگ ایک دوسرے کو نیچا دکھانے میں مصروف رہیں گے۔

روھنی کا واس سمندر ۲۰۶۷ء میں روہنی کا واس پہاڑوں پر ہونے سے اس برس ملک میں معافق بارش کی کمی رہے گی۔ کہیں بہت بارش اور کہیں بہت تھوڑی بارش ہونے سے فصلوں کو مزید نقصانات پہنچے۔ مہنگائی دن بدن اور زیادہ بڑھیگی۔ عام لوگوں میں بدامنی کے حالات پیدا ہونگے۔ قدرتی حادثات کی وجوہات سے عام لوگوں کے دھن دولت اور فصلوں کو نقصانات پہنچے۔

سمت کا واس کمھار کے گھر ہونے سے

کچھ صوبوں میں مکمل بارش کی بھاری کمی رہے گی۔ کہیں پینے کے پانی کی کمی اور گھاس منلکے درخت پھل اناج دھان وغیرہ کی پیداوار نسبتاً کم ہوگی۔ کھادی چھوٹے صنعتی اور بہت شِلپ دور سنچار اور آمد درافت کے ذریعات میں اضافہ ہوگا۔

سمت کا واسن برکھجہ یعنی بولا ہوگا۔

جس سے آئندہ سال بارش زیادہ ہوگی خاص کر پہاڑی علاقوں میں بارش زیادہ ہو۔ دریایوں میں پانی کا بہاؤ زیادہ ہو۔ سیلاب وغیرہ کا بھی خطرہ ہو۔ درختوں پر پھل پھول گھاس پھوس وغیرہ کی پیداوار اچھی ہو۔ کچھ صوبوں میں سیاسی استھرتا (غیر یقینی) بنیگی۔

(1) بادشاہ سال مریخ یعنی منگل

भौमे नृपे वह्निभयं जनक्षयं चौराकुलं पार्थिव विग्रहश्च।
दुखं प्रजा व्याधि–वियोग पीडा स्वल्पं पयो मुञ्चति वारिवाह:॥

جس برش میں مریخ یعنی منگل سال کا بادشاہ ہو۔ اس سال شاہی طاقتوں یعنی مختلف ممالک کے درمیان آپسی رنجش اور ٹکراؤ بڑھیں گے۔ چوری ٹھگی آتش بے ایمان یا ورقتل کی وارداتیں بہت ہوں۔ سرحدی علاقوں پر فوجی ٹکراؤ بم دھماکے اور دشمنوں گھس پیٹھ بڑھ جائیں گی۔ عوام میں غصہ اپدرو کلیش پیچیدہ بیماریاں چھینا جھپٹی لوٹ مار وغیرہ ناگہانی کی وارداتیں بہت ہوں۔ موقعہ کی بارش میں کمی ہو جس سے امید مطابق فصلوں کی پیداوار نہ ہو۔ دھرم کرم میں لوگوں کی توجہ کم رہے۔

(2) وزیر عطار یعنی بدھ کا پھل

शशिसुते शुभ मन्त्रिपदं गते स्वपतिना रमते मदनक्रियाम्।
बहुधनं बहुवादि–समन्वितं यव–मसूर–चणान्न महर्घताम्॥

جس سال بدھ وزیر ہو تو زیادہ تر لوگ (عورت اور مرد) دونوں دھن دولت کمانے میں اور عیش پرستی اپنی زندگی صرف کریں گے۔ دھن دولت کا پھیلاؤ زیادہ ہونے سے امیر لوگ اور زیادہ خوشحال ہونگے اور غریبوں کو گزارہ کرنا بھی مشکل ہوگا۔ بارش اچھی مقدار میں ہوگی۔ جوں چنے مسور تل تیل گندم دھان چنے وغیرہ اناج کی فصلوں کو نقصان پہنچے مہنگائی اور زیادہ بڑے گی۔ ہاتھ کے ہنر اور دماغی تعدیرے کام کرنے والے لوگ بیوپار میں خاص فائدہ میں رہیں گے۔ گرمی خشکی اور چمڑی کے متعلق بیماریاں زیادہ ہونگی۔

(3) زراعت یعنی فصلوں کا مالک شکر

فصلوں کا ایک زہرہ یعنی شکر ہے جس سے اس برس کچھ مقامات پر اچھی بارش ہونے سے کچ صوبوڑں میں گندم جوں چاول اکھ (گنا) پھلدار درخت اور پھولوں وغیرہ کی پیداوار اچھی ہوگی۔ موسمی میوہ جات کی پیداوار بھی اچھی ہوگی۔ اناج سونا چاندی گھی تیل مجیٹھ چاول ہلدی جوں جیرا ہرڑی بادام کا جو وغیرہ میوہ جات زمین جائیداد کا بیوپار کرنے والے خاص طور پر فائدہ میں رہیں گے۔ روئی السی گھی تیل کھانڈ گڑ چاول پھل اور اناج کا بیوپار کرنے والے بیوپاری اس برس اچھا فائدہ اٹھا پائیں گے۔

(4) غلہ (دھان) کا مالک مشتری یعنی برھسپت

غلہ کا مالک برہسپت ہونے سے آئندہ برس اناج کی پیداوار اچھی

ہوگی۔ جوں باجرہ چاول گندم چنے دھان وغیرہ کی پیداوار اچھی ہوگی۔ عمدہ اخلاق والے براہمن وغیرہ عالم اور دھارمک لوگ پوجا پاٹھ ہون یگیہ وغیرہ دھارمک اور نیک کاموں کی جانب رجحان رکھنے لگیں گے۔

(5) بارش کا مالک مریخ یعنی منگل

بارش کا مالک منگل ہے۔ اس وجہ سے بارش کسی جگہ زیادہ اور کسی جگہ کم ہوگی۔ کہیں زمین کے پھٹنے اور کہیں سیلاب وغیرہ کا خطرہ رہے گا اور کہیں بارش نہ ہونے سے پینے کے پانی کی قلت قحط وغیرہ کا ڈر ہوگا۔ درجہ حرارت میں اضافہ ہوگا۔ براہمن وغیرہ اونچی جاتی کے لوگ وید پران اور دھرم کرم کے راستوں سے دور ہٹنیں لگیں گے۔

(6) رسوں کا مالک شمس یعنی سورج

رسوں کا مالک سورج ہونے سے سال کے دوران موافق بارش کی کمی رہے گی۔ دودھ پھل اور دیگر رس دار چیزوں میں رس کی کمی ہوگی۔ گھی مکھن تیل کھانے والے تیل بناسپتی چیزوں کی پیداوار میں کمی ہو یعنی اور مہنگے ہو جائیں گے۔ حکمران اور عوام میں بدامنی رہے۔ عام لوگ بہت طرح کی مالی گھریلوں اور سماجک مشکلات اور مسائل کا سامنا رہے گا۔ گڑ شکر کھانڈ گھی وغیرہ کے نرخ تیز ہونگے، موسمی میوہ جات کی پیداوار کم ہونے سے نرخ تیز ہونگے۔

(7) دھاتوں کا مالک زہرہ یعنی شکر

دھاتوں کا مالک شکر ہونے سے کپور اگر تگر عتر وغیرہ خوشبودار چیزیں ریشمی اور سوتی کپڑے موتی چاندی دودھ دہی مکھن روئی کپاہ اور دیگر سفید رنگ کی چیزیں تیز نرخ ہونگی۔

(8) پھلوں کا مالک سورج یعنی شمش

پھلوں کا مالک سورج ہونے سے زمین پر کہیں بارش بہت زیادہ اور کہیں بہت کم ہوگی۔ اگر چہ زمین پر مختلف قسم کے درخت پھل پھول کی پیداوار کچھ علاقوں پر بہت اچھی اور کچھ علاقوں میں بہ تھوڑی ہوگی یعنی ان کی پیداوار یکساں نہیں ہوگی۔ کچھ خاص خوشحال لوگوں کے آرام اور سکھ کے ذرائع بڑھیں گے۔

(9) دھن۔ دولت کا مالک برہسپت

دولت کا مالک برہسپت ہونے سے بیوپاری طبقہ اور بنیا سوچ سے بیوپار کرنے والے بیوپاری لوگ خاص طور پر فائدہ حاصل کر کے سکھ سادھنوں سے خوشحال ہو کر خوش رہی گے۔ درختوں پر پھلو و اور پھولوں کی پیداوار اچھی رہے۔ خاص طبقہ کے لوگ دھن دولت وغیرہ ذرائع سے خوشحال ہونگے۔

(10) فوج کا مالک قمر یعنی چندرمان

فوج کا مالک قمر ہو تو اس برس حکمران لوگ عوام میں سکھ سہولات مہیا کروالے کی کوششوں میں لگیں گے۔ گڑ کھانڈ گنا دودھ مکھن دالیں چاول چنے وغیرہ اناج سے متعلق جنسوں کا بیوپار کرنے والے بیوپاری خاص طور پر فائدہ میں ہونگے، دُنیا کے بہت سے مما لک اندرونی طور پر ایٹمی ہتھیاروں کو بڑھانے کی کوششوں میں لگیں گے۔ یعنی دنیا کے مختلف ملکوں میں آپسی تناؤ رنجش اور ٹکراں بڑھیں گے۔

* نو میگھوں میں شکر نام کے میگھ کا ثمرہ

جس برس شکر نام کا میگھ ہو اس برس درختوں پر کندمول پھل پھول وغیرہ کم ہونگے یعنی ان چیزوں کے نرخوں میں اضافہ ہوگا۔ پاپ کے عمل میں اضافہ ہوگا۔ زیادہ تر لوگ عجیب قسم کی پیچیدہ بیماریوں سے دوچار ہونگے۔ کہیں سیلاب اور کہیں سوکھا پڑنے کے امکان ہیں۔

* بارہ ناگوں میں نندساری نام کے ناگ کا پھل

نندساری نام کا ناگ راجا ہونے سے کچھ مقاموں پر زبردست بارش یعنی بہت زیادہ بارش ہونے سے سیلاب کی وجہ سے لوگوں کے جان و مال کے مزید نقصانات ہونگے۔ لوگ زیادہ تر مطلب پرستی میں مبتلا رہیں گے۔

***سنیچر کی نظر۔** سال ۲۰۱۰ء میں سنیچر کنیا راشی میں گردش کے دوران متھن برشچک اور مین راشیوں پر خاص نظر رہے گی۔ اس کے مطابق اتر پچھم مما لک سنیچر کی زیر نظر پر خاص طور پر رہیں گے، دکھن پچھم ایشیا کے بہت مما لک سنیچر کی زیر نظر کے اثر میں خاص طور پر ہونگے۔ اس کے مطابق بھارت کی اتر پچھمی اور مشرقی سرحدی علاقے جیسے جموں کشمیر پنجاب آسام بنگال راجستھان گجرات ہماچل پردیش ارون آنچل پردیش وغیرہ صوبوں کے بہت سے سرحدی علاقے سنیچر کی نظروں سے متاثر رہیں گے۔ ان کے سرحدی علاقوں پر غیر ملکی فوجوں کی نقل و حرکتوں کا اضافہ ہوگا۔

لال کتاب کے مطابق

عمر کے مختلف حصوں پر گرموں کے اثرات

لال کتاب کے مطابق ۱۲ سال کے بچے کی قسمت کا کوئی اعتبار بھر وسہ نہیں ہوتا۔ (۷۰) سال کے بعد آدمی کی اپنی قسمت کا کوئی اعتبار نہیں ہوتا اس نصیب اس بچوں کے نصیب اس کے بچوں کے نصیب یا خدا کی عنایت پر منحصر رہتا ہے۔ ۳۵ سال میں پورے نوہ گرہ چل کر پورا چکر نیچے لکھے نقشہ پورا کرتے ہیں۔ ہر ایک گرہ کے اثرات کا عرصہ سال صرف اس آدمی کی عمر کے حساب سے دیئے گئے ہیں۔

نام گرہ	عمر زیر اثر	عمر زیر اثر	عمر زیر اثر
سنیچر	۱ سے ۶ سال تک	۳۶ سے ۴۱ سال	۷۱ سے ۷۶ سال
راہو	۷ سے ۱۲ سال	۴۲ سے ۴۷ سال	۷۷ سے ۸۲ سال
کیتو	۱۳ سے ۱۵ سال	۴۸ سے ۵۰ سال	۸۳ سے ۸۵ سال
برہسپت	۱۶ سے ۲۱ سال	۵۱ سے ۵۶ سال	۸۶ سے ۹۱ سال
سورج	۲۲ سے ۲۳ سال	۵۷ سے ۵۸ سال	۹۲ سے ۹۳ سال
چندرماں	۲۴ ویں سال	۵۹ واں سال	۹۴ ویں سال
شکر	۲۵ سے ۲۷ سال	۶۰ سے ۶۲ سال	۹۵ سے ۹۷ سال
منگل	۲۸ سے ۳۳ سال	۶۳ سے ۶۸ سال	۹۸ سے ۱۰۳ سال
بدھ	۳۴ سے ۳۵ سال	۶۹ سے ۷۰ سال	۱۰۴ سے ۱۰۵ سال

آئینہ قسمت :۔ (مکمل دو حصوں میں)

علم جیوتش کے اس بے نظیر کتاب میں جنم کنڈلی کے ابتدائی مراتب گرہوں کی تمام حالتیں سپشٹ کرنے کی جدولیں پچھتروں یوگوں اور گرہوں کی تاثیر، لوگوں پر ان کے اثرات، نظرات کے اصولوں اور نیک و بد ثمرہ وضاحت سے درج کئے گئے ہیں۔ جنم پتری تیار کرنے اور زندگی کے رنج وراحت دیکھنے کے لئے پھوٹوسٹیٹ فی کاپی قیمت /۲۰۰ روپے۔ نیا ایڈیشن زیر شائع ہے۔ علم جیوتش کو سیکھنے کے لئے نایاب کتاب۔

لکشمی شکتی :۔

پراچین گرنتھوں کے آدھار پر لکھی گئی کتاب نوکری روزگار اور کاروبار میں ترقی مرتبہ میں بلندی اور دھن پراپتی کے لئے ایک نایاب تحفہ ہے۔ قرضہ لاٹری وترقی غرضیکہ ہر مقصد میں کامیابی کے لئے کتاب لکشمی شکتی منگائیں۔ قیمت ۴۰ روپے۔

سرشیتہ تقدیر :۔

اس میں ورش پھل بنانے کے اصول اور قواعد نہایت واضح اور بالتفصیل درج ہیں جس سے ہر شخص اپنا ورش پھل خودبنا کر سال بھر کے حالات باآسانی معلوم کر سکتا ہے۔ قیمت صرف ۵۰ روپے۔

آج کا دن کیسا گزرے گا؟

جس روز یہ معلوم کرنا ہو کہ آج کا دن کیسا گزرے گا تو پہلے اپنے نام کا پچھتر



بارہ راشیوں کے سالانہ پھل والے صفحات سے اپنے نام کے ہندسہ کے پچھتر کو معلوم کریں پھر مفید عالم جنتری کے مہینوں والے صفحوں سے (مہینہ تاریخ) کے سامنے اس روز کا پچھتر معلوم پڑے۔ اس کو چکر ریں نمبر درج کریں پھر اس سے ابھیجت سمیت تمام ۲۸ پچھتروں کا چکر (نقشہ) میں لکھے ہندسوں کے شمار کے مطابق لکھ لیں پھر غور کریں کہ آپ کے نام پچھتر کس جگہ پڑا ہے۔ اگر اپنے نام کا پچھتر دائرہ کے اندر پڑا ہے تو اس روز دھن کا فائدہ کسی ہردلعزیز شخص سے ملاقات ہوگی۔ اگر پچھتر کا شمارہ دائرہ کے باہر (O) نشانات پر پڑے تو دن کا آدھا حصہ اخراجات اور فکرمندی میں بیتے گا اور دن کا نقصان ہونے کا ڈر ہوگا۔ مثال کے طور پر اگر کسی روز جنتری میں لکھا پچھتر دیکھنے کو ملے تو مگھا کو نمبر پر لگا کر اس کے آگے پوربا بھاگنی کو بھی نمبر ۲ پر تو شول لگائیں گے۔ ۲۸ پچھتروں کی شمار اسی طرح سے ہوتی ہے۔

گم شدہ چیز کا سراغ نکالنا

۱۹	۲۲	۲۵	۱۲
۲۴	۱۳	۱۸	۱۳
۱۴	۱۷	۲۰	۲۷
۲۱	۱۶	۱۵	۲۶

جب کوئی چیز کھو جائے اور اس کا حال معلوم کرنا چاہیں تو یہ تعویز کاغذ پر لکھ کر مٹی کے نئے دیئے یعنی چراغ میں سرسوں (کوڑہ) تیل ڈال کر جلائیں اور تعویز روئی میں لپیٹ کر اس کی بتی روشن کریں۔ اب کسی خوردسال لڑکے یا لڑکی کو جس کی عمر نو دس سال ہو اور خوبصورت ہو چراغ کے سامنے بیٹھائیں اور بداہت کریں کہ وہ چراغ کی بتی کی طرف غور سے دیکھتا رہے۔ بس جب اسے کوئی غیر معمولی نظر آئے تو اس سے گم شدہ چیز کے متعلق سوالات کریں اور جن لوگوں پر اٹھالے جانے کا شبہ ہو ان کا نام لیں۔ وہ چیز کا درست پتہ بتائیگا۔ اسی طریقہ سے ہر قسم کے حالات دریافت کر سکتے ہیں۔ یعنی جب لڑکے کو غیر معمولی نکلیں نظر آئیں تو اس سے اپنے مطلب کے سوالات کریں۔ وہ صحیح جواب دیگا اور مطلب پورا ہو جائیگا۔

گرہوں کی بِنا پر سال ۲۰۱۰ء کی اہم پیشین گوئیاں

- نیا شوبھن نام کا بکرمی سمت ۲۰۶۷ وجود میں آنے سے بھونچال، سیلاب، سوکھا، زمین کا پھٹنا وغیرہ جیسے قدرتی آفات و حادثات جانی ومالی نقصانات ہونے کے یوگ ہیں۔
- بادشاہ منگل اور وزیر بدھ ہونے سے ملک کے لیڈروں میں آپسی رنجش، حسد اور ٹکراؤ بڑھیں گے۔ قدرتی آفات اور ٹیکسوں کے بوجھ کی وجہ سے روزمرہ کی چیزوں کی قیمتوں میں زبردست تیزی ہوگی۔ جس سے عام لوگوں میں غم وغصہ اور گہری تشویش بڑھے گی۔
- ملک میں چوری ٹھگی، بے ایمانی، مارکاٹ، توڑ پھوڑ، آگ زنی اور دہشت گردی کے واقعات زیادہ ہونگے۔
- بھارت کی سرحدوں پر چین، پاکستان اور دوسرے دہشت گردی کے حملوں کے خطرے بڑھیں گے۔ بھارتی حکومت کے لئے آئندہ سال زبردست چنوتیوں سے بھرا سال ہوگا۔
- امن کے معاہدوں کے باوجود دنیا کے بہت سے ممالک ایٹمی میزائلوں اور ہتھیاروں کی دوڑ میں شامل ہو جائیں گے۔ بھارت کو اپنے پڑوسی دُشمنوں کی جانب سے حملوں کا خطرہ برقرار، بھارت کو اپنی وفائی طاقت اور زیادہ چوکسی برتنے کی ضرورت ہوگی۔
- ۱۵ اپریل سے ۱۴ مئی تک بیساکھ ادھیک ماس ہونے سے کہیں چھتر بھنگ (حکومت کا پلٹنا) دُربھکھ، بے موسمی بارش، زمین پھٹنا، کھڑی فصلوں کو نقصان وغیرہ قدرتی آفات سے جانی ومالی نقصانات ہونے کا اندیشہ ہے۔
- ۱۴ مئی سے ۲۷ مئی کے درمیان تیرہ دن کا پکھ وِشو گھر پکھ کہلائیگا۔ جس کے زیر اثر بھارت اور دنیا مشرقی علاقوں میں کہیں ریل یا ہوائی حادثہ کا ڈر یا بھونچال زمین کا پھٹنا، شدت کی گرمی آگ زنی، بے موسمی بارش اور دیگر قدرتی علامات سے بھاری جان ومال کا نقصان ہونے کے امکان ہیں۔
- جولائی، اگست (ساون ماہ) میں پانچ منگلوار ہونے اور یکم سے ۳۱ اگست تک برہسپت اور شکر کے درمیان سم سپتک یوگ ہونے سے سرحدی علاقوں پر فوجی ٹکراؤ، کہیں دھماکہ خیز وارداتیں اور دہشت گردی کے واقعات ہونے کا اندیشہ ہے۔ کہیں بہت زیادہ بارش ہونے سے سیلاب کا قہر اور کہیں بہت کم بارش ہونے سے سوکھا، دربھک اور فصلوں کے مزید نقصانات ہونے کا ڈر ہے۔
- ۲۴ ستمبر سے ۲۱ دسمبر کے درمیان پھر کھپر یوگ آنے سے دہشت گردی اور قدرتی حادثات سے مزید نقصانات ہونے کے امکان ہیں۔ کچھ لیڈروں اور لوگوں کے گرتے چال چلن اور خصلت کی وجہ سے ملک کے وقار کو نقصان پہنچے گا۔
- بھارت کے ترقی یافتہ منصوبوں کو توقعہ کے مطابق کامیابی حاصل نہ ہو سکے گی۔

شری پرماتما کی عظیم عنایت سے مفید عالم جنتری اردو ہندی پنجابی اور پنچانگ دواکر کو شائع ہوتے ہوئے آئندہ برس کی جنتری کو ۱۳۵ سال ہو جائیں گے۔ اس جنتری کے رہنمائی بانی مشہور عالم پنڈت دیوی دیال (لاہور والے) سے لیکر آج تک کے عرصہ میں ہماری جنتری اور دوسری اشاعتوں کو جو ملکی اور غیر ملکی شہرت و مقبولیت حاصل ہوئی وہ جنتری کے قدردانوں سے پوشیدہ نہیں۔ مفید عالم جنتری ہندی اور پنجابی وغیرہ اشاعتوں کی عالمگیر شہرت کو دیکھ کر کچھ حاسد اور لالچی پبلشرز نے جنتری سے ملتا جلتا ٹائٹل رکھ کر اور ہمارے میٹر کو غلط طریقہ سے کاٹ چھانٹ کر چھاپ رہے ہیں۔ اس طرح سے مفید عالم جنتری کے شائقین کو دھوکہ دیتے ہیں۔ ہم لوگوں کو خبردار کرتے ہیں کے سرورق مصنف پنڈت پنالال جیوتشی کا نام اور فوٹو ضرور دیکھ لیا کریں۔

ایشور کی مہربانی سے گذشتہ سالوں کی بہت سے ہماری پیشین گوئیاں جو کہ پنچانگ اور مفید عالم جنتری اُردو ہندی پنجابی میں شائع ہو چکی ہیں اور ہو بہو درست ثابت ہوتی آئیں۔ گذشتہ سالوں کی پیشن گوئیاں مثال کے طور پر مندرجہ ذیل ہیں۔

گذشتہ سالوں کی کچھ چنندہ پیشین گوئیاں

سال 1995 (صفحہ ۱۹) میں پاکستان میں بے نظیر حکومت کا ٹوٹنا وغیرہ۔ (صفحہ ۲۲۔ ۲۳) اور ۱۹۹۹ء کی نصف حصہ کے بعد میں بھارت اور پاکستان کی سرحدوں پر زبردست گولہ باری اور جنگ کی خبریں ملنا۔ (جیسے کشمیر کارگل میں لڑائی ہونا) پاکستانی وزیر اعظم نواز شریف کی حکومت کا گرنا وغیرہ اور ۲۰۰۱ء (صفحہ ۲۲، ۲۳۔ ۲۴) پر پڑھیں۔ اور ۲۰۰۲ء کی مفید عالم جنتری میں صفحہ (۲۰) پر صاف طور پر پڑھیں۔ امریکہ کے زیر اثر افغانستان میں طالبان سرکار کو ہرا کر نئی حکومت کا وجود میں آنا۔ (صفحہ ۲۲-۲۴) پر دیکھیں۔ ۲۰۰۳ء کی جنتری صفحہ ۲۳ امریکہ عراق کے درمیان لڑائی جنگ کا خطرہ اور عراق پر حملے کے مدّعے پر امریکہ کو بھاری مذمت اور مخالفت کا سامنا ہونا۔ اور بھارت پاکستان کے معاملے میں دوغلی پالیسی رکھنا۔ (صفحہ ۲۳) ۲۰۰۴ء کی جنتری میں صفحہ ۲۵ / ۲۶ پر پڑھیں۔ کانگرس پارٹی ک انیا گٹھ جوڑ بنانا۔ اسی سال کی جنتری صفحہ ۲۷ پر نگریس پارٹی اور محترمہ سونیا گاندھی کی کنڈلی کے نیچے صاف طور پر پڑھیں۔ آنے والے لوک سبھا چناؤ میں شریمتی سونیا گاندھی اور ان کی پارٹی بھاجپا کی نسبت زیادہ سیٹوں پر کامیاب ہونا۔ ۲۰۰۵ء کی مفید عالم جنتری میں پاکستان اور بھارت وغیرہ ملکوں میں بھونچال زمین پھٹنے وغیرہ سے ہونے والی زبردست جان و مال کے مزید نقصانات کی خبریں بدقسمتی سے سچ ثابت ہو چکی ہیں۔

۲۰۰۶ کی مفید عالم جنتری میں ۲۴ مئی سے ۲ جولائی کے درمیان منگل شنی کا یوگ ہونے سے بھارت کے کچھ صوبوں کشمیر، اتر پردیش، مہاراشٹر، گجرات، آندھر پردیش وغیرہ صوبوں میں بدامنی دہشت گردی اور دھماکہ خیز کی وارداتیں ہونے کے امکان ہیں۔ صفحہ ۲۷ بدقسمتی سے یہ پیشن گوئیاں بھی صحیح ثابت ہوئی۔ صفحہ نمبر ۲۹ پر صاف طور پر دیکھیں۔ ڈاکٹر منموہن سنگھ کی غیر ملکی پالیسی کے متعلق ان کے وقار اور غیرت کو بین الاقوامی شہرت حاصل کرنا۔ ۲۰۰۷ء کی مفید عالم جنتری میں دیکھیں پاکستان کے تانا شاہ جنرل مشرف کو اپنے ملک زبردست ٹکراؤ اور مخالفت کا سامنا ہونا۔ ملک کے اندر بدامنی اور دھماکہ خیز وارداتوں میں اضافہ ہوگا۔ بے نظیر کی زندگی کو خطرہ ہونا۔ سال ۲۰۰۸ کی جنتری میں صفحہ (۲۵) کالم II پر دیکھیں۔ بھارت میں سونا، چاندی، پیتل، تانبہ وغیرہ دھاتوں کی قیمتوں میں زبردست تیزی ہوا۔ پاکستان میں ایمرجنسی کے حالات بننا۔ اور جنرل مشرف کا اپنے عہدے سے مسترد ہونا۔ وہاں بدامنی اور دھماکہ خیز وارداتوں کا سلسلہ ہو۔ (صفحہ ۲۷ کالم I) اور سال ۲۰۰۹ء کی جنتری میں پاکستان، افغانستان، شری لنکا، نیپال میں اندرونی حالات بگڑنا، وہاں قدرتی آفات کے ساتھ دہشت گردی وارداتوں میں اضافہ ہونا۔ صفحہ 27 کالم I، امریکہ کے نئے صدر براق اوبامہ کو کامیابی ملنے کی زبردست چانس۔ دیکھیں صفحہ ۲۷ کالم I لوک سبھا چناؤ میں پھر ملی جلی یوپی اے سرکار کا ہی وجود میں آنا صفحہ 23 اور 28 کالم II مرکزی سرکار راجستھان، ہریانہ، میزورم وغیرہ صوبوں میں کانگریس کی یوپی اے سرکار کو اکثریت حاصل ہونا۔ مہنگائی اور بھرشٹاچار وغیرہ اہم مدعے ہونا وغیرہ بہت سی پیشن گوئیاں صحیح اور درست ثابت ہو چکی ہیں جو اپنی اصلیت اور سچائی کا خود ہی بیان کرتی ہیں۔

۲۰۱۰ء میں گرہوں کی آکاشی کونسل اور بھویک پھل

بکرمی سمت ۲۰۶۷ (۲۰۱۰-۱۱ء) کے دوران گرہوں کی آکاشی کونسل کے دس (۱۰) ادھیکاروں میں چار ادھیکار (عہدے) ناقص (تیز) یعنی کرور گرہوں کی حاصل ہوئے ہیں اور چھ عہدے نیک (اچھے) گرہوں کو حاصل ہوئے ہیں۔ بادشاہ کا اہم عہدہ تیز ترار لڑائی کی چاہنے والے اور دلیر گرہ منگل کو حاصل ہوا ہے۔ جبکہ وزارت کا اہم عہدے شبھ اور چالاک گرہ بدھ کو ملا ہے۔ بادشاہ کا عہدہ جنگ کو چاہنے والے گرہ منگل کو ملنے سے دنیا کے بہت سے ممالک ظاہریا چھپے طور پر خطرناک ایٹمی ہتھیاروں کی دوڑ میں شامل ہو جائیں گے۔ وزیر بدھ ہونے کی وجہ سے دنیا کچھ ملک پولیٹکل پالیسیوں کا استعمال کرتے ہوئے باہری طور پر امن کی باتیں کرنے پر بھی اندرونی طور پر ایٹمک ہتھیاروں میں اضافہ کرنے میں لگیں گے۔ دکنی ایشیا کے بہت ملکوں جیسے چین بھارت، پاکستان، افغانستان کے درمیان ٹکراؤ اور مخالفت رہے گی۔ بادشاہ منگل کی وجہ سے لوگوں میں غصہ، رنجش اور لڑائی کا رجحان بڑھیگا۔ لڑائی جھگڑے، مذہبی دنگے، فساد، چوری ٹھگی، بے ایمانی، قتل و آگ زنی کی وارداتیں زیادہ ہوں گی۔

شوبھن نام کا نیا سمت سر آنے سے زمین پر سکھ۔ سادھنوں کے ذریعات میں اضافہ ہونے کے ساتھ ساتھ لوگوں میں بد

امنی کا عالم بھی چھائے گا۔ لوگوں میں پیچیدہ بیماریوں اور مختلف تکلیفوں میں اضافہ ہوگا۔ زنانہ گرہ بدھ وزیر ہونے سے عام لوگوں اور سیاسی لیڈروں کے برتاؤ میں سادگی اور صاف گوئی کی نسبت بے ایمانی اور چالاکی زیادہ رہے گی۔ دولت کا پھیلاؤ زیادہ ہونے سے امیر لوگ اور زیادہ امیر ہونگے۔ زیادہ تر لوگ (عورتیں اور مرد) فیشن پرستی، بناؤ شنگار اور کھان پان میں زیادہ مصروف رہیں گے۔ اہل علم، تکنیکی و صنعتی قسم کے لوگ (انجینئرنگ وغیرہ) سائنس اور ٹیکنالوجی، مال پنساری، اناج کے متعلق کاروبار کرنے والے بیوپاری خاص طور پر فائدے میں رہیں گے۔ گرمی خشکی اور چمڑی کے روگ اور پیچیدہ قسم کی بیماریاں زیادہ ہونگی۔

پوری زمین پر بڑھتی گرمی (Global warming) کی وجہ سے دنیا کے موسموں کے قدرتی سلسلے (نظام) میں پھیر بدل آنے سے شروع ہو جائیں گے۔ کہیں بارش کی کمی اور کہیں بہت زیادہ بارش کی وجہ سے مزید نقصانات ہونے کا ڈر ہوگا کہیں سیلاب سے کھڑی فصلوں کو نقصان تو کہیں اناج کی کمی سے قحط جیسے حالات بنیں گے۔ جان و مال کا نقصان ہونے کا بھی ڈر ہوگا۔ پینے کا پانی دودھ، مکھن، گھی، تیل، پھل، سبزیاں، گڑ، کھانڈ اور سب طرح کے اناج و دالوں وغیرہ کی پیداوار میں کمی اور انکے برخوں میں زبردست تیزی ہوگی۔ امیروں اور غریبوں کے درمیان فاصلہ اور زیادہ بڑھیگا۔ دھاتوں کا مالک شکر (زہر) ہونے سے عطر، لونگ، چھوٹی بڑی الائچیاں وغیرہ خوشبودار چیز میں اور چاندی، لوہا، سونا، پیتل، موتی پکھراج وغیرہ جواہرات اور زیادہ تیز ہونگے۔ فوج کا مالک چندرماں ہونے سے حفاظت کی نظر سے بہت سے ملک ایٹمی ہتھیاروں میں اضافہ کریں گے۔

نئے سال کی داخلہ کنڈلی اور جگت لگن ۲۰۱۰ء

شوبھن نام کا نیا (۲۰۶۷ بکرمی) سمت 15 مارچ سوموار کو (چیت ۲ پروشٹہ) اماوس کی آدھی رات کے بعد ۲ بج کر ۳۱ منٹ پر بوقت پور بھادرپد نکشتر دھن لگن میں داخل ہوگا۔ برش لگن میں راہو نیچ راشی کا ہو کر پڑا ہے۔ لگن کا مالک برہسپت تیسرے خانہ میں پڑا ہے۔ اس پر برس کے بادشاہ منگل کی آٹھویں نظر پڑ رہی ہے۔ بھارت کی زیر اثر راشی مکر پر بادشاہ منگل کی ساتویں اوچ نظر

کنڈلی داخلہ سال ۲۶/۳۱



جگت کنڈلی ۶/ ۵۷



پڑ رہی ہے۔ گرہوں کی پوزیشن کے مطابق آئندہ برس دنیا کے پولٹیکل (سیاسی) حالات کے لئے خاص پُر واقعہ ہوگا۔ دنیا کے بہت سے ترقی یافتہ اور ترقی پزیر ممالک اپنی سامرک (جنگی) طاقت بڑھانے کے لئے جدید ایٹمک ہتھیار بنانے کی کوشش میں ہونگے۔ سیاسی اور تجارتی نظر سے دنیا کے اہم ملکوں (جیسے بھارت امریکہ، برطانیہ، جاپان، فرانس، آسٹریلیا، جرمنی وغیرہ) کے درمیان نئے تعلقات بنیں گے۔ امریکہ سے حاصل اقتصادی اور فوجی امداد کا استعمال بھارت کے خلاف کرنے کی طاقت میں رہے گا۔ دہشت گردی کا راکشش خود پاکستان کے لئے ہی نہیں بلکہ تمام انسانی ذات کے لئے خطرناک ثابت ہوگا۔ دہشت گردی وحشیانہ وارداتوں کی وجہ سے بھارت بنگلہ دیش، افغانستان، پاکستان سمیت بہت ملک زیر اثر رہیں گے۔

جگت لگن۔ کی کنڈلی کے مطابق ۱۴، اپریل بدھوار کو صبح ۶ بجکر ۵۷ منٹ پر میکھ لگن میں جگت لگن کا داخلہ ہوگا۔ لگن کا مالک منگل (جو اس برس کا بادشاہ بھی ہے) نیچ راشی کا ہو کر چوتھے خانہ میں بیٹھا ہے۔ چوتھ گھر کا مالک چندرماں بارہویں خانہ میں بیٹھ کر سنیچر گرہ کی زیر نظر ہے۔ گرہوں کی پوزیشن کے مطابق دنیا کے زیادہ تر ملکوں کے اندرونی ساماجک اور سیاسی حالات پیچیدہ اور پریشان کن ہونگے۔ خاص طور پر امریکہ چین، افغانستان، بھارت پاکستان، نیپال، بنگلہ دیش، وغیرہ ملکوں میں اندرونی حالات غیرہ یقینی اور بد امنی رہیں گے۔ بھارت، برطانیہ، امریکہ، جرمن وغیرہ کچھ ممالک دنیا میں امن کا ماحول قائم رکھنے کے لئے پُر کوشش میں رہیں گے۔

مسلم ممالک کی داخلہ سال کنڈلی

یکم محرم سن ھجری ۱۴۳۱ھ کا آغاز ۱۹ دسمبر عیسوی ۲۰۰۹ء بروز سنیچر وار کو ہوا تھا۔ اُسکے مطابق سال ۲۰۱۰ء کے دوران بادشاہ سال سنیچر رہے گا۔ بوقت داخلہ زائچہ متھن یعنی جوزا طلوع ہو گا۔ خانہ اور میں کیتو پڑا ہے اور خانہ ہفتم میں سورج، چندر، بدھ اور راہو گرہ ہونے سے پاکستان، افغانستان وغیرہ مسلم ممالک میں



سیاسی حالات پیچیدہ اور غیر یقینی اور ڈاوانڈول رہیں گے۔ پاک حکومت کو طالبان اور دہشت گرد گٹوں سے زبردست مشکلات کا سامنا رہے گا۔ پاکستان حکومت کی باوجود پالیسیوں کی مخالفت کرتے ہوئے طالبان اور دہشت گرد حیرت انگیز اور وحشیانہ دھماکہ خیز واردات کو انجام دیتے رہیں گے۔ قدرتی آپداؤں کے زیر اثر اور دہشت گردی وارداتوں کی وجہ سے بے قصور عام رعایہ اُنکے ظلم کا شکار بنے گی۔ طالبان کی بڑھتی دہشت گردی کے خلاف رعایہ پُرزور پروٹیسٹ کریگی۔

سن ۲۰۱۰ء میں گرہ گوچر اور دنیا کے حالات

سال کے شروع میں ماگھ کے مہینے (جنوری) کے دوران پانچ شکروار اور پانچ سنیچر وار پڑنے سے ملے جلے حالات پیدا ہونگے۔ مردم شماری کی تعداد اجافہ ہوگا۔ دنیا میں دھن۔ دولت کا پھیلاؤ بڑھیگا۔ پانچ سنیچر کے زیر اثر جنوری فروری میں کہیں مذہبی دنگے فساد بڑھیں گے۔ روزمرہ کی چیزوں کی قیمتوں میں زبردست تیزی بڑھے گی۔

چاند پھاگن ماہ (۳۱ جنوری سے ۲۸ فروری) کے دوران پانچ اتوار ہونے ہونے سے بنگلادیش اور پاکستان وغیرہ مسلم ملکوں میں کہیں اناج کی کمی قحط سوکھا اور دربھک کا ڈر ہوگا۔ اپدرو مذہبی دہشت گردی آگ زنی اور دھماکہ خیز وارداتوں کی وجہ سے جان و مال کے نقصان ہونے کا اندیشہ ہے۔

کھپر یوگ۔ یکم جنوری سے ۳۰ مارچ ۲۰۱۰ کے دوران ۵ سنیچر، ۵ اتوار اور ۵ منگلوار سلسلے وار آجانے کھپر یوگ بنتا ہے جسکے زیر اثر کچھ ملکوں کے اندرونی حالات خراب ہونگے۔ بدامن اور جنگ و لڑائی کی خبریں ملیں گی۔ کہیں حکومت میں تبدیلی (چھتر بھنگ) ہونے کے یوگ ہیں۔

۱۵ اپریل سے ۱۴ مئی تک بیساکھ ادھک ماس اور ۱۴ مئی سے ۲۷ مئی تک تیرہ دن کا پکھ ہونے و شوگھسہ پکھ بنتا ہے جسکا اشو شاستروں میں بہت ناقص بتلایا گیا ہے۔ اس دوران لوگوں میں پیچیدہ بیماریوں کا پھیلاؤ مہنگائی، سوکھا گرمی آتش زدنی، جیسے آفتوں کی وجہ سے جانی ومالی نقصان ہونے کا اندیشہ ہے۔

۲۸ مئی سے ۲۶ جون (جیٹھ ماہ) میں پانچ سنیچر وار ہونے سے روزمرہ کی چیزوں میں اضافہ اور کسی ملک میں حکومت کا پلٹنا اور جنگ کے حالات بنیں گے۔

جون۔ جولائی میں (ہاڑ) مسلم ملک (پاک وغیرہ) میں سیاسی حالات نازک ہونگے۔ ۳۱ جولائی کو کنیاراشی پر منگل اور سنیچر کا یوگ ہونے سے مسلم ممالک کو خاص کر پاکستان افغانستان کے لئے ناقص ہوگا۔ آگے یکم اکتوبر سے سورج۔ سنیچر کا یوگ بھی پاک وغیرہ مسلم ممالک کے لئے ناقص ثابت ہوگا۔

دنیا کے کچھ دوسرے ممالک

امریکہ (America)۔ اسکی زیر اثر راشی متھن ہے۔ جگت لگن کنڈلی میں متھن راشی پر کیتو کی گردش چل رہی ہے۔ اگرچہ اس پر برہسپت اور سنیچر (اچھے اور بُرے) دونوں طرح کے گرہوں کی نظر میں پڑ رہی ہیں۔ اس کے زیر اثر پاکستان، ایران، عراق، افغانستان وغیرہ مسلم ملکوں کے متعلق امریکہ کو اپنی پالیسوں کی دوبارہ مشورہ کرنے کی ضرورت ہوگی۔ پاکستان کو دی جانے والی مالی اور ہتھیاروں کا استعمال بھارت کے خلاف ہونا بھی ممکن ہے۔ اس حقیقت کی جانکاری تمام دنیا کو ہوجائے گی۔ پھر بھی امریکہ پاکستان کو اقتصادی امدادی جاری رکھے گا۔

نوٹ: گذشتہ سال کی مفید عالم جنتری میں اسی کالم امریکہ کے صدر براک اوباما کی چناؤ میں جیت بارے صحیح پیشن گوئیاں صاف طور پر پڑھیں۔

پاکستان (Pakistan)۔ جگ لگن کی کنڈلی میں اسکی زیر اثر راشی کنیا چھٹے خانہ میں ہے۔ کنیا راشی پر شنی ساڑھ ستی کا اثر بھی ہے۔ گرہوں کی پوزیشن کے مطابق پاکستان کے موجودہ حکومت کو زبردست چنوتیوں کا سامنا رہے گا۔ سکورٹی کی نظر سے پاکستان کے اندرونی حالات بڑے نازک اور کشمکش کن رہیں گے۔ کچھ انتہا پسند کٹر دہشت گرد گروپ خود پاکستان اور اسکی عوام کے لئے ناسور بن جائیں گے۔ پاکستان حصوں میں بہت جگہ پر آگ زنی بم

دھماکہ خیز دہشت گردی کی وارداتوں میں اضافہ ہوگا۔ جسکے زیر بہت سے بے قصور لوگوں کی اپنی بیش قیمتی زندگیوں سے ہاتھ دھونا پڑ سکتے ہیں۔ دہشت گردی گروپوں کے بڑھتے قدم پاکستانی حکومت کے وجود کے لئے زبردست چیلینج ثابت ہونگے۔ پاکستان بھارت کے سرحدی علاقوں سے اپنے لڑاکو دہشت گردوں کی گھس پیٹھ کروانے کی سازش کرتا رہے گا۔ دہشت گرد کو ختم کرنے کے آڑ میں امریکہ سے اقتصادی اور ہتھیاروں کی مدد حاصل کرنے میں کامیاب ہوگا۔ زبردست اقتصادی امداد کے باوجود پاکستان میں عام لوگوں کے حالات میں خاص بہتری اور ترقی نہیں ہوپائے گی۔

سنہ ۲۰۱۰ میں گرہوں کی پوزیشن اور بھارت

کنڈلی آزاد بھارت (۱۵ اگست سنہ ۱۹۴۷ء)



آزاد بھارت ۶۴ واں سال



جمہوری بھارت ۶۱ واں سال ۲۶ جنوری ۲۰۱۰



یوم جمہوریت کے ۶۱ ویں سال کی برس کنڈلی میں بھارت ۲۶ جنوری ۲۰۱۰ء منگلوار کو اکادشی تتھی روہنی نچھتر کے وقت سنگھ لگن میں داخل ہوگا۔ لگن کا مالک سورج چھٹے خانہ میں مکر راشی (بھارت زیر اثر راشی بھی ہے) پر شکر کے ہمراہ بیٹھا ہے۔ اس پر نیچ منگل کی خاص نظر پڑ رہی ہے۔ پانچویں خانہ میں فتھا پر سنیچر کی خراب نظر پڑ رہی ہے۔ جس کے زیر اثر بھارت کی مختلف ترقی کے منصوبوں پر بے انتہا خرچوں کے باوجود امید کے مطابق فائدہ نہیں ہوسکے گا۔ چھوٹی اور بڑے ترقی سکیموں وصنعتوں میں اچانک اڑچنوں اور بلاوجہ خرچوں میں اضافہ سے ترقی رفتار دھیمی رہے گی۔ موجودہ گدی نشین سیاسی لیڈروں میں پختہ ارادے اور کام کرنے کی خواہش میں کمی رہے گی۔ سرکار کی ڈھل مل پالیسوں کی وجہ سے پاکستان چین وغیرہ غیر ملکی طاقتیں بھارت کی سرحدوں پر بھاری فوجی پیش ورفت رہے گی۔ بھارت سرکار کے مخالفت کے باوجود سرحدوں پر گھس پیٹھ کرتے رہیں۔ چوتھے خانے کا مالک منگل بارہویں خانہ میں نیچ راشی میں بیٹھا ہے۔ جس کے زیر اثر روزانہ استعمال کی چیزوں کے قیمتوں بے تحاشہ تیزی ہوگی۔ جس کی وجہ سے عوام پریشان حال ہونگے۔ سائنس وٹیکنا لوجی سڑک اور ٹرانسپورٹ، ایٹومک، انجینیرنگ، کمپیوٹر کے فیلڈ میں خاص ترقی کرے گا۔ لکن پروسی ملکوں کے دشمنی اور گھس پیٹھ کے کی وجہ سے بھارت کی ترقی کی رفتار کو ٹھیس پہنچ گی۔

بھارت سرکار کے لئے سخت امتحان کا برس :۔ آزاد بھارت کے ۶۳ ویں برس کے کی برس کنڈلی میں بھارت ۱۵ اگست ۲۰۰۹ء سنیچر کو مین لگن میں داخل ہو چکا ہے۔ نئے سال کے داخل کنڈلی میں یہ چوتھے خانہ میں آئی ہے۔ جس پر چار گرہی یوگ بنا ہوا ہے۔ آئندہ برس بھارت سرکار کے لئے کافی چنوتیوں سے بھرا سال ہوگا۔ ملک کے چاروں طرف خاص کر مشرقی اتری، پچھمی سرحدوں پر نکلسوادی گٹوں سمیت چینی فوجوں گھس پیٹھ اور مغربی سرحدوں پر طالبانی گروپوں اور پاکستانی ٹرینڈ دہشت گردی گٹوں کی گھس پیٹھ، گولہ باری کرکے بھارت کے وقار کو نقصان پہنچانے کی کوششوں میں رہیں گے۔ اس کے علاوہ ملک کے بھیتر پھیلے ہوئے بھرشٹا چار بے ایمانی بے روزگاری سیاسی لیڈروں میں تحمل کی کمی۔ مردم شماری میں اضافہ۔ عام استعمال کی چیزوں میں بے تحاشہ بڑوھوتری سے عام لوگوں میں پریشانی اور دُکھ۔ موجودہ حکومت من موہن سنگھ اور سونیا گاندھی کی سرکار سے عام جنتا کا بھروسہ کم ہونے لگے گا۔

سنہ ۲۰۱۰ء میں گوچر گرہ اور بھوکھ پھل۔ بھارت

سال ۲۰۱۰ کے شروع میں ماگھ ماہ میں پانچ شکروار اور پانچ سنیچروار پڑنے سے دھن دولت کا پھیلاؤ فضول خرچی بڑھے گی۔ مردم شماری کی تعداد میں اضافہ۔ ملک کے کچھ حصوں میں مذہبی فساد دنگا، ذاتی فساد ہوں گے۔ استعمال کی چیزوں کی میں بے تحاشہ

اضافہ ہو گا۔ پانچ اتوار ہونے سے اناج دالیں، چاول، وغیرہ میں کمی، جس سے مہنگائی میں زیادہ تیزی ہو گی۔ ملک میں غیر یقینی حالت، کسی صوبہ میں تختہ پلٹ کے آثار ہیں۔

فروری کے شروع میں ۲۸ مارچ تک سنیچر کنیا راشی میں اور منگل کرک وکری حالت میں گردش کر رہا ہے۔ جس کے زیر اثر کسی ملک میں پیچیدہ بیماری کا ڈر ہو گا۔ اناج میں کمی قہر، قیمتوں میں اضافہ اور سرحدوں پر جنگ کے آثار ہونگے۔

